| Paper Code Number: 1023 | 2024 (1st-A)<br>سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم) | رول نمبر MTN-1-24 |
|---|---|---|

| کُل نمبر = 15 | وقت = 20 منٹ | معروضی | پرچہ - پہلا گروپ - پہلا | اردو (لازمی) |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | " حادثہ " کی جمع ہے۔ | احادیث | حدیث | حادثات | حادث |
| 2 | " کتب " کا واحد ہے۔ | کتاب | کتابیں | کتابوں | کاتب |
| 3 | مذکر لفظ کی نشان دہی کیجیے۔ | شان | رنگ | نظر | ملت |
| 4 | مؤنث لفظ کی نشان دہی کیجیے۔ | آہ وزاری | جاڑا | تیتر | اشتیاق |
| 5 | لفظ " گُل " کا متضاد ہے۔ | چمن | پھول | باغ | خار |
| 6 | حضورؐ نے تین راتیں ______ میں گزاریں۔ | جبل ثور | جبل نور | جبل حرا | جبل احد |
| 7 | مرزا غالبؔ کی آمدنی غدر کے بعد ہوگئی تھی۔ | 100 روپے | 150 روپے | 200 روپے | 250 روپے |
| 8 | مقالاتِ سرسید کا موضوع ہے۔ | ناول | ڈرامہ | مضمون | افسانہ |
| 9 | مصور کا نام تھا۔ (بحوالہ لہو اور قالین) | نقوی | قادری | چشتی | نیازی |
| 10 | جھالر والے تکیے کے غلاف پر تصویر کڑھی ہوئی تھی۔ | شیر کی | ہاتھی کی | بارہ سنگھے کی | ہرن کی |
| 11 | ڈاکٹر صاحب دفتر سے واپس آتے تھے۔ | 6 بجے شام | 7 بجے شام | 3 بجے دن | 8 بجے رات |
| 12 | نصوح اور سلیم کا آپس میں رشتہ تھا۔ | دوست | بھائی | باپ بیٹا | چچا بھتیجا |
| 13 | اردو کے اوّلین نظم نگار ہیں۔ | شبلی | حالی | پریم چند | نظیر اکبرآبادی |
| 14 | علامہ محمد اقبالؒ نے ایم کیا۔ | فلسفے میں | انگریزی میں | اردو میں | تاریخ میں |
| 15 | غالبؔ کی شادی ______ کی عمر میں ہوئی۔ | 16 سال | 13 سال | 15 سال | 18 سال |

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

2024 (1st-A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

رول نمبر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو (لازمی) | پرچہ - پہلا گروپ - پہلا | اِنشائیہ | وقت = 2.10 گھنٹے | کل نمبر = 60 |

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(ii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iii) جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(iv) جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(حصہ غزل)

(i) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(ii) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(iii) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) عام طور پر بُلبُل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔

(ب) دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہ خلائق ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عبداللہ، جو نوخیز جوان تھے، شب کو غار میں ساتھ ہوتے، صبح مُنھ اندھیرے شہر چلے جاتے اور پتا لگاتے کہ قریش کیا مشورے کر رہے ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) سر سیّد احمد خان کے نزدیک قوائے قلبی اور قوتِ عقلی کے فوائد لکھیے۔

(ii) مشاعرے میں سودا نے جس لڑکے سے بار بار مطلع پڑھوایا اس کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

(iii) حضرت بی کی نصیحت کا سلیم پر کیا اثر ہوا؟

(iv) افسانہ کی تعریف کیجیے۔

(v) " ڈرامہ آرام وسکون " سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vi) " نعت " کس نظم کو کہتے ہیں؟

(vii) برسات کے موسم کا حال بیان کریں۔

(viii) تخلصّ کس شعر میں ہوتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) امتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اچھی صحبت اختیار کرنے کی نصیحت کیجیے۔

یا

سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ " اتفاق میں برکت " کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا " استاد اور شاگرد " کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) عزیز نے گلاس کو توڑا۔ (ii) عابد نے حج کرنا ہے۔ (iii) کامیابی حاصل کرنے کے لیے کمر کو باندھنا چاہیے۔

(iv) بزرگ کا آب ودانا اب دُنیا سے اُٹھ گیا ہے۔ (v) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آخ تھو ______ (ii) بارہ برس دلّی میں رہے ______ (iii) خدمت ______ عظمت ______

(iv) ______ سیکھ وا کو دیجیے جا کو سیکھ سہائے (v) لاد دے لدا دے ______

www.pakcity.org

| Paper Code Number: 1028 | 2024 (1st-A)<br>سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم ) | رول نمبر |
|---|---|---|

| اردو ( لازمی ) | پرچہ - پہلا گروپ - دوسرا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 15 |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | غزل کا ایسا شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، کہلاتا ہے۔ | مطلع | مقطع | اہم شعر | آخری شعر |
| 2 | " نائن " کا مذکر ہے۔ | نائی | نایا | نائیکہ | نوئی |
| 3 | " تاریخ " کی جمع ہے۔ | تاریک | تواریخ | تریخ | اتاریخ |
| 4 | جب سے چولھا ٹھنڈا ہوا کسی رشتہ دار نے خبر نہ لی۔ چولھا ٹھنڈا ہونا غربت کے لیے ______ ہے۔ | مجاز مرسل | تشبیہ | کنایہ | استعارہ |
| 5 | " ابواب " کا واحد ہے۔ | وہاب | واب | بوب | باب |
| 6 | " خان " کی مؤنث ہے۔ | خانم | خوانی | خانہ | خانا |
| 7 | " کمال " کا متضاد ہے۔ | عروج | انتہا | زوال | منتہی |
| 8 | نامحرم میں " نا " ہے۔ | سابقہ | لاحقہ | کنیت | تخلص |
| 9 | جھڑیوں کی مستی سے مچا رہے ہیں۔ | شور | غل | دھومیں | ناچنا |
| 10 | لگتا نہیں ہے دل مرا اجڑے دیار میں<br>اجڑے دیار گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | تشبیہ | مجاز مرسل | تلمیح | استعارہ |
| 11 | حیدر علی آتش کو کس سے محبت رہی ہے؟ | جاں سے | زنخداں سے | زلف سے | رُخ سے |
| 12 | اہل عرب کس چیز کو معیوب سمجھتے تھے؟ | مسجد میں گھسنا | زنانہ مکان میں گھسنا | مسلمانوں کے گھر میں گھسنا | کسی کے گھر میں گھسنا |
| 13 | مرزا سے ایک دفعہ جو ملتا تھا اسے ہمیشہ رہتا تھا ملنے کا: | یارا | ذوق | اشتیاق | خیال |
| 14 | " دکھ " کا مترادف ہے۔ | سکھ | آسائش | دوا | درد |
| 15 | اگر انسان عارضی ضرورتوں کا منتظر رہے اور اپنے دلی قویٰ کو بے کار ڈال دے تو ہو جاتا ہے۔ | سخت جان | بے کار | سخت کاہل اور وحشی | غبی اور نالائق |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

2024 (1st-A)

رول نمبر ______

MTN-2-24 سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

| اردو (لازمی) | پرچہ - پہلا گروپ۔ دوسرا | اِنشائیہ | وقت = 2.10 گھنٹے | کل نمبر = 60 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور ۔۔۔ رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا ۔۔۔ مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) بوندوں کی جھمجھاہٹ، قطرات کی بہاریں ۔۔۔ ہر بات کے تماشے، ہر گھات کی بہاریں

(iv) جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سُلطانی ۔۔۔ کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(حصہ غزل)

(i) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں ۔۔۔ کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے

(ii) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا ۔۔۔ اندھیرے اُجالے میں رویا کیا

(iii) ہستی اپنی حباب کی سی ہے ۔۔۔ یہ نمائش سراب کی سی ہے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امراؤ عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی ان کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) ایک تھا لڑکا جو اپنے گاؤں سے پرائمری پاس کرنے کے بعد شہر کے ہائی سکول میں جا داخل ہوا۔ اپنے گاؤں میں تو وہ چھوٹا موٹا چودھری یا چودھری کا بیٹا تھا، لیکن تھا ٹھیٹھ دیہاتی۔ پہلے دن کلاس میں گیا، تو ننگے سر پر صافہ باندھ رکھا تھا۔ بدن پر کُرتا اور تہمد اور پاؤں میں پوٹھوہاری جوتا۔ ماسٹر جی نے شلوار پہننے کو کہا، تو دھیمی آواز میں بولا: ''اوخدا، ستھن تے کڑیاں پاؤندیاں نیں۔''

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) حافظ عالم نے مسلمانوں کو دار الامان مدینہ کی طرف ہجرت کا حکم کیوں دیا؟

(ii) الگو چودھری کے والد استاد کی دعا سے متعلق کیا کہا کرتے تھے؟

(iii) مرزا غالب کی ''قاطع برھان'' پر لوگوں نے زبان درازیاں کیں۔ آپ نے اس کا کیا جواب دیا؟

(iv) ''اُس کے لب پھول کی طرح نازک ہیں'' اس میں مشبہ، اور وجہ شبہ، کی نشاندہی کیجیے۔

(v) امید بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہوتی ہے؟

(vi) ہستی اپنی حباب کی سی ہے ۔۔۔ یہ نمائش سراب کی سی ہے ۔۔۔ غزل کے اس مطلع میں قافیہ اور ردیف کی نشاندہی کیجیے۔

(vii) تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سُنائی؟

(viii) کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا کیوں لازم ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) اِمتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُسے جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف سے بچنے کی تلقین کیجیے۔

یا

سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کی رخصت کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ ''عادت کی خرابی'' کے موضوع پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا مسافر اور ہوٹل منیجر کے درمیان ایک دلچسپ مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) ہم نے کتاب پڑھنی ہے۔

(ii) مادرا نے لاہور جانا ہے۔

(iii) مزمل نے خط کو پڑھا۔

(iv) فیصل، علی اور حسن آیا۔

(v) لڑکیوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آدمی کا شیطان ______

(ii) آ بیل ______

(iii) بوڑھی گھوڑی ______

(iv) خدمت سے ______

(v) عید پیچھے ______

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

PAPER CODE NUMBER:1027

2023 (1st-A)

رول نمبر 134119

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

# اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

D MTN-G1-23

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) " قوت " کا متضاد ہے۔
(A) طاقت (B) ضعف (C) کمزوری (D) ناتوانی

(2) " حُب " کا مترادف ہے۔
(A) الفت (B) نفرت (C) مہربانی (D) احسان

(3) " عاشق " کی جمع ہے۔
(A) عاشقی (B) عُشاق (C) عشق (D) عشقوں

(4) " حُجّاج " کا واحد ہے۔
(A) حاج (B) حاجو (C) حاجون (D) احجاج

(5) سبق " ہجرت نبویؐ " میں کس کے گھوڑے کے پاؤں گھٹنوں تک زمین میں دھنس گئے؟
(A) ابن ہشام (B) سراقہ بن جعشم (C) ابن ارقم (D) عبداللہ بن ابی

(6) مرزا غالب کی طبیعت میں بدرجۂ غایت تھا۔
(A) جودوسخا (B) اخلاص (C) مروّت اور لحاظ (D) صبر

(7) " نصوح اور سلیم کی گفتگو " میں کھیل کے پیچھے کون دیوانہ بنا رہتا تھا؟
(A) سلیم (B) نصوح (C) بیدارا (D) منجھلا لڑکا

(8) بھوسیٹھ منڈی سے ______ لاد کر لاتے اور گاؤں میں بیچتے تھے۔
(A) اناج (B) اُپلے (C) گھی (D) تیل نمک

(9) سبق " لہو اور قالین " اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) افسانہ (B) ناول (C) آپ بیتی (D) ڈراما

(10) کرنیلوں کو رہائش کے لیے کون سے بنگلے ملتے ہیں؟
(A) اے کلاس (B) بی کلاس (C) سی کلاس (D) ڈی کلاس

(11) سبق " ملکی پرندے اور دوسرے جانور " میں مصنف کے خیال میں کوا کس کے پاس بہت مسرور رہتا ہے؟
(A) بچوں کے پاس (B) کھانے کے پاس (C) گھونسلے کے پاس (D) باورچی خانے کے پاس

(12) نصاب میں شامل نظم " نعت " امیر مینائی کے کس نعتیہ دیوان سے لی گئی ہے؟
(A) مرآۃ الغیب (B) صنم خانہ عشق (C) محامدِ خاتم النبیینؐ (D) انتخاب یادگار

(13) خواجہ الطاف حسین حالؔی کی نظر میں کون سا بندہ حمد سرا ہے؟
(A) نیک (B) بد (C) فرماں بردار (D) نافرماں

(14) مرزا غالبؔ نے مقطعے میں محبوب کو اپنی قیمت بتائی ہے۔
(A) انمول (B) قیمتی (C) مفت (D) بیش قیمت

(15) " کنوارا " کی مؤنث ہے۔
(A) کنوار (B) کنواری (C) کنوارنی (D) کنوارنوں

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

2023 (1st-A) 544858

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

( لازمی ) گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

### حصہ اول

MTN-1-23

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) کیا کیا رکھے ہے یا رب، سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(i) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(ii) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید — جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

(iii) بُلبُل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گِلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) باوجود یکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ اُن کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی اُن کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) ہم نے سکون سے یہ قصہ سنا۔ طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے اور یہ کہ دو طرفہ طوفان کا حدود اربعہ ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) ابوجہل نے اسلام کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کیا تجویز پیش کی؟

(ii) دلی قوی کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

(iii) سلیم نے شطرنج کی نسبت گنجفہ کو ناپسند کیا تو باپ نصوح نے ناپسندیدگی کی کیا توجیہ پیش کی؟

(iv) تصویریں اختر کی نہیں تھیں۔ اس انکشاف پر تجمل کا کیا ردِ عمل تھا؟

(v) سلیم میاں، علی بخش پر کیوں برہم ہوئے؟

(vi) کون سا بندہ حمد سرا ہے؟ اور اُس کی حمد سرائی سے کیا بات ثابت ہوتی ہے؟

(vii) علامہ محمد اقبالؒ کے مطابق "شاخِ بُریدہ" سے ہمیں کیا سبق سیکھنا چاہیے؟

(viii) حیدر علی آتش نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کیا کہا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) آرام و سکون 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُسے جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف سے بچنے کی تلقین کیجیے۔ یا

سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کی رخصت کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ ڈاکٹر اور مریض کے درمیان علاج معالجے کی گفتگو پر مشتمل مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا "کوے کا انتقام" کے موضوع پر کہانی تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) حسیب، منیب اور مجیب آیا۔ (ii) میں نے فرحان دیکھا۔ (iii) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

(iv) مردوں نے کہا ہم آگیا ہے۔ (v) ہم نے حج کرنا ہے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) شیخی اور ______ (ii) دل کو دل سے ______ (iii) بارہ برس دلی میں رہے ______

(iv) بوڑھی گھوڑی ______ (v) لاد دے لدا دے ______

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

PAPER CODE NUMBER: 1028

2023 (1st-A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

MTN-2-23

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) لفظ " بنجارا " کا مؤنث ہے۔
(A) بنجاری (B) بنجیاری (C) بنجیارن (D) بنجارن

(2) سبق " قدر ایاز " کے مصنف کا نام ہے۔
(A) شفیق الرحمٰن (B) کرنل محمد خان (C) میرزا ادیب (D) سید امتیاز علی تاج

(3) مکہ سے مدینہ ہجرت کرتے وقت نبیؐ کے پاس جمع تھیں۔
(A) امانتیں (B) تلواریں (C) کھجوریں (D) نعمتیں

(4) مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے۔
(A) اخلاق (B) افکار (C) خصائل (D) کردار

(5) قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔
(A) فکرمندی چھوڑ کر (B) خوش وخرم رہ کر (C) کاہلی چھوڑ کر (D) پریشان رہ کر

(6) سبق " امتحان " میں طالب علم نے کتنے سال میں لا کلاس کا کورس پورا کیا؟
(A) چار سال (B) دو سال (C) تین سال (D) پانچ سال

(7) " مراۃ العروس " کون سی صنفِ ادب ہے؟
(A) افسانہ (B) سوانح نگاری (C) آپ بیتی (D) ناول

(8) سبق " نصوح اور سلیم کی گفتگو " میں سلیم کو کس نے جگایا؟
(A) نصوح نے (B) بیدارا نے (C) ماں نے (D) حضرت بی نے

(9) نظم " پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ " میں کون سے دو موسموں کا ذکر ہے؟
(A) گرمی اور سردی کا (B) بہار اور خزاں کا (C) خزاں اور سردی کا (D) گرمی اور بہار کا

(10) نظیر اکبر آبادی نے نظمیں لکھیں۔
(A) اسلامی (B) مزاحیہ (C) قومی (D) اخلاقی اور اصلاحی

(11) استعارہ کے لغوی معنی ہیں۔
(A) مانند قرار دینا (B) چاند طلوع ہونا (C) اُدھار لینا (D) موتی پرونا

(12) لفظ " رقم " کی جمع ہے۔
(A) رقمیں (B) رقومات (C) رقوم (D) رقمات

(13) لفظ " زاویہ " کی جمع ہے۔
(A) زوایا (B) زاویے (C) زاویات (D) ازویات

(14) لفظ " عُسرت " کا مترادف ہے۔
(A) راحت (B) تنگی (C) خوشی (D) بھروسہ

(15) لفظ " زبردست " کا متضاد ہے۔
(A) شاندار (B) عام (C) زیردست (D) اعلیٰ

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر ______________

2023 (1st-A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

# اردو ( لازمی ) گروپ - دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

### حصہ اول

M TN-2-23

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii) جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(iii) ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں — سبزوں کی لہلہاہٹ، باغات کی بہاریں

(iv) ملّت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ

( حصہ غزل )

(i) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(ii) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(iii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) اس کے بعد کئی دن تک بوڑھی خالہ لکڑی لیے، آس پاس کے گاؤں کے چکر لگاتی رہیں۔ کمر جھک کر کمان ہوگئی۔ ایک قدم چلنا مشکل تھا، مگر بات آپڑی تھی، اس کا تصفیہ ضروری تھا۔ شیخ جمن کو اپنی طاقت، رسوخ اور منطق پر کامل اعتماد تھا۔ وہ کسی کے سامنے فریاد کرنے نہیں گئے۔

(ب) سلیم میاں جو ابھی ابھی میٹرک کے امتحان سے فارغ ہوئے تھے، دوسرے کرنیل زادوں کی طرح اور للن کے ہمراہ بے فکری سے بیڈمنٹن کھیلتے اور سرِ شام ہی دوستوں کے ساتھ ٹیلی وژن کے سامنے جم جاتے۔ کیا مجال جو کوئی غیر اس مشاہدے میں مخل یا شریک ہو، سوائے اس کے کہ ہمارا بوڑھا ملازم علی بخش اُن کی تواضع کے لیے کمرے میں خاموشی سے داخل اور خارج ہوتا رہتا۔ علی بخش کو یوں بھی سلیم سے اُنس تھا کہ اسی کے ہاتھوں میں پلا تھا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) حضرت امیرؒ سے کون سی شخصیت مراد ہے؟ (ii) قدر ایاز میں چھوٹے چودھری نے چائے کی کمی کی تلافی کس چیز سے کی؟

(iii) مرزا غالب سائلوں کے ساتھ کیا سلوک کرتے تھے؟

(iv) صاحب عالم کی زبان سے اس وقت کیا نکلا جب حکیم احسن اللہ خان نے جلدی سے ان کے آنے اور جانے پر تعجب کا اظہار کیا؟

(v) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟ (vi) علامہ اقبالؒ کے نزدیک اُمیدِ بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟

(vii) نظم حمد میں بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟ (viii) شاعر اضطراب کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) قدر ایاز 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم '' برسات کی بہاریں '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلائی جائے تاکہ ٹریفک کے نظام کو بہتر بنایا جاسکے۔ یا

فوڈ کنٹرولر صاحب کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھیے جس میں اپنی اور اہلِ محلّہ کی پریشانی کا ذکر کیجیے۔ 10

8۔ '' بددیانتی کی سزا '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا استاد اور شاگرد کے درمیان تاریخ پاکستان پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں بدنصیب نے یہ نہیں کیا تھا۔ (ii) پولیس نے لڑکا کو اُس کی ماں کو دیا۔ (iii) عورتوں نے کہا ہم جاتیں ہیں۔

(iv) میں دن مدرسے جاتا ہوں۔ (v) آپ تو آتش بگولا ہو رہے ہیں۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) ہم بھی ہیں ________ سواروں میں (ii) الٹے بانس ________ (iii) شیخی اور ________

(iv) صورت نہ شکل ________ (v) جس کی لاٹھی اُس ________

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

NUMBER:1027

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

MTN-41-22

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) '' گرہستن '' کا مذکر ہے۔ (A) گرہست (B) گرہستی (C) گرہستو (D) گرہستین

(2) '' عارف '' کی جمع ہے۔ (A) عرفان (B) عریف (C) عارفین (D) عروف

(3) '' دفینہ '' کی جمع ہے۔ (A) دفن (B) دفون (C) دفین (D) دفائن

(4) '' خفیف '' کا متضاد ہے۔ (A) گہرا (B) ثقیل (C) لطیف (D) کثیف

(5) '' ارزاں '' کا مترادف ہے۔ (A) نایاب (B) قیمتی (C) شان دار (D) سستا

(6) مولانا الطاف حسین حالی نے مرزا غالب کو کہا ہے۔ (A) حیوانِ شریف (B) حیوانِ ناطق (C) حیوانِ ظریف (D) حیوانِ زمین

(7) سرسیّد احمد خان نے کس ادبی صنف کو رواج دیا؟ (A) ناول (B) سفرنامہ (C) داستان (D) مضمون

(8) اِن شعرا میں کون سے شاعر نابینا تھے؟ (A) انشاءاللہ خاں (B) جُراَت (C) مرزا سودا (D) ناسخ

(9) میرزا ادیب کے مطابق اختر دو سال قبل رہتا تھا۔ (A) خستہ مکان میں (B) عالی شان کوٹھی میں (C) بڑے محل میں (D) جھونپڑی میں

(10) مرزا فرحت اللہ بیگ ابتدا میں کس قلمی نام سے لکھتے رہے؟ (A) دلاور فگار (B) ن۔م۔راشد (C) مرزا الم نشرح (D) شریف حسین

(11) ''دیسی پرندے اور دوسرے جانور'' میں مصنف کے خیال میں کوّا کس کے پاس بہت مسرور رہتا ہے؟ (A) کھانے کے پاس (B) باورچی خانے کے پاس (C) بچوں کے پاس (D) چڑیا کے پاس

(12) تمام دیہاتیوں نے ماسٹر جی سے کون سے برخورداروں کی خیریت دریافت کی؟ (A) نامولود (B) نومولود (C) شیرخوار (D) فرماں بردار

(13) اللہ کا گدا ہمیشہ مگن رہتا ہے۔ (A) عبادت میں (B) اپنے آپ میں (C) کام کاج میں (D) کملی میں

(14) امیر مینائی کے خیال میں طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟ (A) اللہ تعالیٰ کا (B) مظاہراتِ فطرت کا (C) حضرت محمدؐ کا (D) فرشتوں کا

(15) بہادر شاہ ظفر کے کلیات میں کتنے دواوین شامل ہیں؟ (A) دو دواوین (B) چار دواوین (C) چھ دواوین (D) آٹھ دواوین

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

2022 (A) رول نمبر ________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) گروپ - پہلا وقت = 2.10 گھنٹے

MTN-G1-22

حصہ انشائیہ کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کُھلا تیرا

(ii) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(iii) جنگلوں میں ہو رہے ہیں پیدا ہرے بچھونے — بچھوا دیے ہیں حق نے کیا کیا ہرے بچھونے

(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

( حصہ غزل )

(i) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ii) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

(iii) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا — اور درویش کی صدا کیا ہے

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) مرزا اپنے دوستوں کے ساتھ، جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔ دِلّی کے عمائد میں سے ایک صاحب جو مرزا کے دِلی دوست تھے اور ۱۸۵۷ء کے بعد ان کی حالت سقیم ہو گئی تھی، ایک روز چھینٹ کا فرغل پہنے ہوئے مرزا سے ملنے آئے۔

(ب) یہ نہیں کہ چھوٹا چودھری یا اُس کے گھر والے مہمان نواز نہ تھے۔ انھیں صرف اس بات کا یقین نہیں تھا کہ اُن کی مہمان نوازی ماسٹر جی کو مُوافق بھی آئے گی یا نہیں۔ بہرحال انھوں نے اپنی تواضع کی ابتدا کی۔ چھوٹا چودھری اور اس کے بڑے بھائی ماسٹر جی کو بصد تعظیم اپنی چوپال میں لے گئے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) مجازِ مرسل سے کیا مراد ہے؟

(ii) نظیر اکبر آبادی کے چار ہم عصر شعرا کے نام لکھیں۔

(iii) طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟

(iv) دوستوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟

(v) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(vi) سیّد امتیاز علی تاج نے کونسا ریڈیو پروگرام شروع کیا؟

(vii) سبق " لہو اور قالین " میں اختر کا حلیہ بیان کریں۔

(viii) کوّے کس بات کو اپنی ذاتی توہین سمجھتے ہیں؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) قدر ایاز 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ اپنے دوست کے نام خط میں کوئی ایسا واقعہ بیان کیجیے جس سے آپ کی حاضر دماغی کا اندازہ ہوتا ہو۔ یا

اپنے سکول کے پرنسپل کے نام سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیں۔ 10

8۔ " ہرنی کی دعا " کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) دس بلب، پانچ انرجی سیور اور ایک ٹیوب لائٹ ٹوٹ گئے۔ (ii) افضل نے اخبار کو پڑھا۔ (iii) حسنین نے مسجد میں قرآن کو پڑھا ہوگا۔

(iv) سموسے، کباب، پکوڑے سب کچھ فروخت ہو گئے۔ (v) طاہر نے کتاب کو اپنے بھائی کو دی۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) سوت نہ کپاس ________ (ii) ڈوبتے کو تنکے کا ________ (iii) حساب جَو جَو ________

(iv) ظُلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں، ________ (v) ہاتھی کے دانت ________

www.pakcity.org

اردو (لازمی) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

MTN-G2-22

کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | الطاف حسین حالی کی جائے پیدائش ہے۔ | (A) لکھنو | (B) دِلّی | (C) آگرہ | (D) پانی پت |
| (2) | لفظ " نشیب " کا متضاد ہے۔ | (A) نیچا | (B) قلیل | (C) فراز | (D) تر |
| (3) | لفظ " دانا " کا مترادف ہے۔ | (A) عاقل | (B) بالغ | (C) خاص | (D) حاکم |
| (4) | لفظ " سنار " کی مونث ہے۔ | (A) سنارن | (B) سنارین | (C) سناری | (D) سنیارن |
| (5) | لفظ " جزیرہ " کی جمع ہے۔ | (A) جزائر | (B) اجزا | (C) جزور | (D) جزیرات |
| (6) | لفظ " راحت " کا متضاد ہے۔ | (A) خوشی | (B) نفاق | (C) رنج | (D) امیری |
| (7) | مطلع غزل کا شعر ہوتا ہے۔ | (A) پہلا | (B) دوسرا | (C) تیسرا | (D) آخری |
| (8) | " مرآۃ الغیب " تصنیف ہے۔ | (A) غالب کی | (B) میر تقی میر کی | (C) امیر مینائی کی | (D) حیدر علی آتش کی |
| (9) | خواجہ الطاف حسین حالی نے شاعری میں شاگردی اختیار کی۔ | (A) علامہ محمد اقبال کی | (B) مرزا غالب کی | (C) میر درد کی | (D) نظیر اکبرآبادی کی |
| (10) | سبق " قدر ایاز " میں ماسٹر جی کے بیٹھنے کے لیے کیا چیز منگوائی گئی؟ | (A) پیڑھی | (B) کرسی | (C) بینچ | (D) چارپائی |
| (11) | طالب علم نے کس سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے؟ | (A) نگران صاحب سے | (B) گارڈ صاحب سے | (C) سپرنٹنڈنٹ سے | (D) کسی طالب علم سے |
| (12) | مرزا فرحت اللہ بیگ کون سے محکموں سے وابستہ رہے؟ | (A) عدالت کے | (B) پولیس کے | (C) تعلیم کے | (D) صحت کے |
| (13) | منشی پریم چند کی کتاب " سوزِ وطن " اصنافِ ادب کے لحاظ سے ہے۔ | (A) داستان | (B) ناول | (C) آپ بیتی | (D) افسانوی مجموعہ |
| (14) | سبق " آرام وسکون " میں ملازم کوٹ رہا تھا۔ | (A) نمک | (B) مرچیں | (C) ریٹھے | (D) گرم مسالا |
| (15) | سبق " نصوح اور سلیم کی گفتگو " میں اکثر کون گھبرایا کرتا ہے؟ | (A) مبتدی | (B) چور | (C) جھوٹا | (D) نالائق |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو (لازمی) گروپ - دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

MTN-G2-22

## حصہ انشائیہ

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) جے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(ii) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(iii) جنگلوں میں ہو رہے ہیں پیدا ہرے بچھونے — بچھوا دیے ہیں حق نے کیا کیا ہرے بچھونے

(iv) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(حصہ غزل)

(i) اِن حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

(ii) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(iii) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہ خلائق ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عبداللہ جو نوخیز جوان تھے، شب کو غار میں ساتھ ہوتے، صبح منھ اندھیرے شہر چلے جاتے اور پتا لگاتے کہ قریش کیا مشورے کر رہے ہیں۔

(ب) یہ احساس میرے لیے سُوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے۔ اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں اپنے والد سے بیان کیں؟

(ii) پنچایت میں الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

(iii) مرزا غالب نے دیوان فضل اللہ کو رقعے میں کیا لکھا؟

(iv) مضمون نگار کے بقول تو اسوچ بچار کے نزدیک کیوں نہیں پھٹکتا؟

(v) سبق امتحان میں "امدادِ غیبی" سے مصنف نے کیا مراد لی ہے؟

(vi) آتش نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کیا کہا ہے؟

(vii) علامہ محمد اقبالؒ کے مطابق امیدِ بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟

(viii) نظم برسات میں گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات وخصائل یا (ii) مُلکی پرندے اور دوسرے جانور 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ اپنے چچا کو ایک خط لکھیے جس میں جاڑے کی تعطیلات کے پروگرام کا ذکر کیجیے۔

یا

ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس کے نام سکول چھوڑنے کے لیے سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا گاہک اور درزی کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) طبیعت نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

(ii) ہم کوچ کرنا ہے۔

(iii) طارق نے اخبار کو خریدا۔

(iv) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

(v) عورتوں نے کہا ہم آ گئی ہیں۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) ہاتھوں کے طوطے ________

(ii) کمخواب میں ________

(iii) آ بیل ________

(iv) چور کی داڑھی میں ________

(v) جس کی لاٹھی ________

www.pakcity.org

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 20 منٹ

## گروپ ۔ پہلا حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) پہاڑی کوّے کی لمبائی ہوتی ہے۔ (A) ڈیڑھ فٹ (B) ڈیڑھ میٹر (C) دوفٹ (D) ڈھائی فٹ

(2) لڑکے نے ______ کو گھر کے دروازے پر پایا تو چکرا سا گیا۔ (A) ہیڈ ماسٹر (B) پرنسپل (C) ماسٹر جی (D) حکیم جی

(3) ایبٹ آباد میں فوجی افسروں کی مشہور اکیڈمی کا نام ہے۔ (A) رحمٰن اکیڈمی (B) پاکستان اکیڈمی (C) مارشل اکیڈمی (D) کاکول اکیڈمی

(4) نصابی کتب کے حوالے سے " حمد " کے شاعر کا نام ہے۔ (A) علامہ محمد اقبالؒ (B) مولانا الطاف حسین حالیؔ (C) مولانا ظفر علی خان (D) امیر مینائی

(5) نظم " برسات کی بہاریں " کا شاعر ہے۔ (A) نذیر اکبر آبادی (B) نظیرؔ اکبر آبادی (C) اکبر الہ آبادی (D) اکبر آبادی

(6) مرزا غالبؔ پیدا ہوئے۔ (A) دِلّی میں (B) لکھنؤ میں (C) آگرہ میں (D) بنارس میں

(7) " اب " کی جمع ہے۔ (A) ابو (B) ابا (C) آباء (D) بابا

(8) " ذاکرین " کا واحد ہے۔ (A) ذاکر (B) ذکر (C) مذکر (D) مذکور

(9) " کشادہ " کا مترادف ہے۔ (A) کشادگی (B) فرخ (C) فراخ (D) فراغ

(10) " راحت " کا متضاد ہے۔ (A) فرحت (B) رنج (C) مفرّح (D) فرح

(11) " بچھڑا " کی مؤنث ہے۔ (A) بچھڑی (B) بچھڑے (C) بچھیا (D) بچھڑنا

(12) ایک صحبت میں مرزا غالبؔ ______ تعریف کر رہے تھے۔ (A) ذوقؔ کی (B) مومنؔ کی (C) بہادر شاہ ظفر کی (D) میر تقی میرؔ کی

(13) " میاں لڑکے جوان ہوتے نظر نہیں آتے " یہ کہا تھا۔ (A) سوداؔ نے (B) جرأت نے (C) غالبؔ نے (D) مومنؔ نے

(14) الگو جب کبھی باہر جاتے تو اپنا گھر ______ چھوڑ جاتے۔ (A) سمجھو سیٹھ پر (B) رام دھن پر (C) جمن پر (D) گوڈر شاہ پر

(15) تجمل کے پرائیویٹ سیکریٹری کا نام تھا۔ (A) اختر (B) راشد (C) بابا (D) رؤف

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ - پہلا

## حصہ اِنشائیہ

کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) سنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں
ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تابہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(iv) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

( حصہ غزل )

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی
خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(iii) کتنا ہے بد نصیب ظفرؔ، دفن کے لیے
دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) کفار نے جب آپ ؐ کے گھر کا محاصرہ کیا اور رات زیادہ گزر گئی، تو قدرت نے ان کو بے خبر کر دیا۔ آنحضرت ؐ ان کو سوتا چھوڑ کر باہر آئے، کعبے کو دیکھا اور فرمایا: '' مکہ! تو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے، لیکن تیرے فرزند مجھ کو رہنے نہیں دیتے ''۔

(ب) آپ سب کچھ سمجھ جائیں گے، یہ کوئی معمّا نہیں ہے۔ سنیئے! جیسا کہ آپ جانتے ہیں، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس، قلاش اور گمنام مصوّر ہو

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) مرزا غالبؔ کیسے اخلاق کے مالک تھے؟
(ii) انسان کب تخت کا اہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟
(iii) خواجہ باسط نے میرؔ اور مرزاؔ کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟
(iv) الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟
(v) مضمون نگار مرزا فرحت اللہ بیگ نے کون سا امتحان دیا تھا؟
(vi) مصنف کرنل محمد خاں کو کس قسم کا بنگلہ رہنے کو ملا؟
(vii) کون سا بندہ حمد سرا ہے؟
(viii) جیبِ گل کس چیز سے خالی ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) قدر ایاز 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم '' حمد '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں، جس میں اسے پڑھائی میں دلچسپی لینے کے بارے میں نصیحت کی گئی ہو۔ یا
ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست لکھیں۔ 10

8۔ '' جھوٹ کی سزا '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) علی نے شاگرد پڑھایا۔
(ii) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔
(iii) سائرہ نے عمر مارا۔
(iv) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔
(v) کاغذی خنجر دوڑانا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آ بیل ________
(ii) سوت نہ کپاس ________
(iii) بوڑھی گھوڑی ________
(iv) الٹے بانس ________
(v) بارہ برس دلی میں رہے ________

MTN-9-1-18



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

PAPER CODE NUMBER:1026

2018 (A)

رول نمبر 698696

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 20 منٹ

گروپ - دوسرا

حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) ____ کے لغوی معنی سوار کے پیچھے بیٹھنے والے کے ہیں۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(2) تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ (A) تین (B) پانچ (C) سات (D) آٹھ

(3) اصطلاح میں غزل یا قصیدے کے پہلے شعر کو کہا جاتا ہے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(4) " موج " کی جمع ہے۔ (A) مواج (B) موجی (C) موجیں (D) امواج

(5) " سُکّان " کا واحد ہے۔ (A) ساکن (B) سُکن (C) ساقی (D) مسکن

(6) " ملک " کی مؤنث ہے۔ (A) مالکہ (B) ملکہ (C) شہزادی (D) شہزادن

(7) " تقدیم " کا متضاد ہے۔ (A) مخالف (B) ضعف (C) تاخیر (D) تقدیر

(8) " عاقل " کا مترادف ہے۔ (A) شوق (B) خوشی (C) اعتماد (D) دانا

(9) حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارلامان ____ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا۔ (A) مکہ (B) مدینہ (C) طائف (D) یمن

(10) فواکہ میں غالب کو بہت مرغوب تھا۔ (A) خربوزہ (B) تربوز (C) آم (D) آڑو

(11) قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔ (A) کاہلی چھوڑ کر (B) فکرمندی چھوڑ کر (C) خوش وخرم رہ کر (D) پریشان رہ کر

(12) سانحہ پشاور پیش آیا۔ (A) 13 دسمبر 2014ء کو (B) 14 دسمبر 2014ء کو (C) 15 دسمبر 2014ء کو (D) 16 دسمبر 2014ء کو

(13) بحوالہ سبق " قدر ایاز " " الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے تھا"۔ (A) مدبرانہ (B) امیرانہ (C) خاکسارانہ (D) عاجزانہ

(14) سبق " آرام وسکون " میں گھریلو ملازم کا نام تھا۔ (A) کلو (B) للو (C) بلو (D) ٹلو

(15) سبق " نصوح اور سلیم کی گفتگو " میں میاں اکیلے بیٹھے ____ ۔ (A) شطرنج کھیل رہے تھے (B) کھانا کھا رہے تھے (C) کتاب پڑھ رہے تھے (D) لکھ رہے تھے

MTN-9-1-18

3(Obj)(☆☆☆)-2018(A)-62000 (MULTAN)

www.pakcity.org

EDUCATION

pakcity.org

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) — وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ ۔ دوسرا — **حصہ اِنشائیہ** — کل نمبر = 60

## حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پہ یاں بھید کھلا تیرا

(ii) سنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

( حصہ غزل )

(i) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ii) زنخداں سے آتش محبت رہی — کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

(iii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) ترکش سے فال کے تیر نکالے کہ حملہ کرنا چاہیے یا نہیں؟ جواب میں '' نہیں '' نکلا، لیکن سواونٹوں کا گراں بہا معاوضہ ایسا نہ تھا کہ تیر کی بات مان لی جاتی۔ دوبارہ گھوڑے پر سوار ہوا اور آگے بڑھا۔ اب کی بار گھوڑے کے پاؤں گھٹنوں تک زمین میں دھنس گئے۔

(ب) کوا باورچی خانے کے پاس بہت مسرور رہتا ہے۔ ہر لحظے کے بعد کچھ نہ کچھ اٹھا کر کسی اور کے لیے کہیں پھینک آتا ہے اور درخت پر بیٹھ کر سوچتا ہے کہ زندگی کتنی حسین ہے۔ کہیں بندوق چلے تو کوے اسے ذاتی توہین سمجھتے ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟

(ii) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

(iii) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

(iv) صحت مند رہنے کے لیے کون سی باتیں ضروری ہیں؟

(v) بندوق چلے تو کوے کیا کرتے ہیں؟

(vi) شاعر '' امیر مینائی '' اپنی حرمت اور آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟

(vii) اقبالؒ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(viii) خواجہ حیدر علی آتش کی عمر کیسے بسر ہوئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) امتحان (ii) آرام وسکون 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم '' برسات کی بہاریں '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

بڑے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں انہیں اپنی خیریت کے بارے میں اطلاع دینے کی یاد دہانی ہو۔ 10

8۔ '' جس کا کام اسی کو ساجھے '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔

یا

'' دکاندار اور خریدار '' کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں نے اکرم دیکھا۔ (ii) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چر رہی ہے۔ (v) عید کا سورج ہونا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آ بیل ________ (ii) آدمی کا شیطان ________ (iii) باسی کڑھی ________

(iv) بد اچھا ________ (v) جس کی لاٹھی ________

3-2018(A)-62000 (MULTAN)

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org